| Roll No. | | | | | | | | | | | | Serial No. of Q. C. A. B. |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 63 ] [ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 24

Total No. of Questions : 63 ] [ Total No. of Printed Pages : 24

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U** **ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು**

**Code No. : 12-U** **Subject : First Language — URDU**

ದಿನಾಂಕ : 18.06. 2013 ] [ Date : 18.06. 2013

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ–12-45 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-45 P.M.

ಪರಮಾವಧಿ ಅಂಕಗಳು : 125 ] [ Max. Marks : 125

**FOR OFFICE USE ONLY**

| Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks | | Q. No. | Marks |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | | | 14. | | | 27. | | | 40. | | | 53. | |
| 2. | | | 15. | | | 28. | | | 41. | | | 54. | |
| 3. | | | 16. | | | 29. | | | 42. | | | 55. | |
| 4. | | | 17. | | | 30. | | | 43. | | | 56. | |
| 5. | | | 18. | | | 31. | | | 44. | | | 57. | |
| 6. | | | 19. | | | 32. | | | 45. | | | 58. | |
| 7. | | | 20. | | | 33. | | | 46. | | | 59. | |
| 8. | | | 21. | | | 34. | | | 47. | | | 60. | |
| 9. | | | 22. | | | 35. | | | 48. | | | 61. | |
| 10. | | | 23. | | | 36. | | | 49. | | | 62. | |
| 11. | | | 24. | | | 37. | | | 50. | | | 63. | |
| 12. | | | 25. | | | 38. | | | 51. | | | × | |
| 13. | | | 26. | | | 39. | | | 52. | | | × | |
| | | | | | | | | | | | | ***Total Marks*** | |

| Total Marks in words | | | Grand Total | |
|---|---|---|---|---|
| 1. ✓ | | ✓ | ✓ | |
| 2. ✓ | | | | |
| *Signature of Evaluators* | *Registration No.* | *Signature of the Deputy Chief* | *Signature of the Room Invigilator* | |

[ Turn over

## عام ہدایات :

i) سوال مع جواب کے کتابچہ میں معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے 63 سوالات ہیں۔

ii) ہر موضوعی قسم کے سوال کے لئے کافی جگہ مہیا کی گئی ہے۔ آپکو سوالوں کے جواب اسی جگہ میں لکھنا ہے۔

iii) معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

iv) پنسل سے جواب نہ لکھیں۔ پنسل سے لکھے ہوے جوابات کی جانچ نہیں کی جائے گی (سوائے گرافوں، ڈائگراموں اور میپوں کے)۔

v) کثیرانتخابی (Multiple choice)، خالی جگہوں کو پُر کرنا اور مناسب جوڑ لگانا کے سوالوں کی حالت میں کُھر چنے / دوبارہ لکھنے / نشان لگانے کی اجازت نہیں ہے، ایسا کرنے سے آپکا جواب جانچ کے لئے نااہل سمجھا جائیگا۔

vi) سوال پرچہ پڑھنے کے لئے '15' منٹ کا وقت الگ سے دیا جائیگا۔

I. ہر سوال یا نامکمل بیان کے نیچے چار متبادل جوابات دئے گئے ہیں۔ مناسب ترین جواب چُن کر جواب کے لئے مہیا کی گئی جگہ پر لکھیں۔
15 × 1 = 15

1. ''جو مسلمان مر جائے اور ذمہ قرض چھوڑ جائے تو مجھے اِطلاع دو میں اسکو ادا کر دوں گا'' یہ کس کا حکم تھا ؟

A) حضرت علیؓ B) حضور اکرمؐ

C) حضرت ابوبکرؓ D) ابوجہل

جواب : ____________________

2. ڈاکٹر عبدالکلام کی قیادت میں تیار ہونے والا پہلا جہاز

A) نندی B) اگنی

C) ترشول D) آکاش

جواب : ____________________

3. دست صبا، زندہ نامہ، دست تہہ سنگ، سر وادیٔ سینا کس کے شعری مجموعے ہیں ؟

A) فیض احمد فیضؔ
B) الطاف حسین حالیؔ
C) ظفر علی خان ظفرؔ
D) بہادر شاہ ظفرؔ

جواب : ______

4. اُردو کا عوامی شاعر کہا جاتا ہے

A) نظیرؔ اکبر آبادی
B) علامہ اقبالؔ
C) الطاف حسین حالیؔ
D) جاں نثار اخترؔ

جواب : ______

5. اسمٰعیل میرٹھی کو سرکار نے کس انعام سے نوازا ؟

A) خان بہادر
B) خان صاحب
C) خانِ خاناں
D) دلدار خاں

جواب : ______

6. اُردو سافٹ ویر یو-سی-ایس (UCS) کا لانگ فارم ہے۔

A) اُردو کامن سسٹم
B) اُردو کمپنی سسٹم
C) اُردو کمپوزنگ سسٹم
D) اُردو کمیونیکشن سسٹم

جواب : ______

7. مار ڈالو اس غدار ن کو، بوٹیاں کاٹ ڈالو اس بے غیرت کی ! یہ کلمات ادا کئے :

A) شیر علی نے
B) مجمع نے
C) جیتہ خاں نے
D) مفتی صاحب نے

جواب : ______

8. اِن میں کون ترقی پسند تحریک کے شاعر نہیں ہیں ؟

A) فیض احمد فیضؔ B) محمود ایازؔ

C) جوشؔ ملیح آبادی D) مخدومؔ محی الدین

جواب : ________________

9. صفیہ کے انتقال پر لکھنؤ سے جاتے ہوئے جاں نثار اخترؔ نے مرثیہ لکھا

A) خاکِ شمع B) خاکِ وطن

C) خاکِ لکھنؤ D) خاکِ دِل

جواب : ________________

10. قطب جنوبی کی برفیلی زمین کو جوشِ مسرت سے چومنے والے

A) ڈاکٹر ظہور قاسم B) ڈاکٹر سین گپتا

C) ستیہ پال اروڑہ D) فوٹو گرافر

جواب : ________________

11. کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے

رن اک طرف چرخ کہن کانپ رہا ہے

مندرجہ بالا شعر میں لفظ ''شیر'' مستعار لیا گیا ہے۔

A) حضرت علیؓ کے لئے B) حضرت ٹیپو سلطانؒ کے لئے

C) حضرت امام حسینؓ کے لئے D) حضرت عمرؓ کے لے

جواب : ________________

12. ........................ نے کہا ''خدا سلامت رکھے، چاند سے مکھڑے پر سہرا سجے۔''

A) خانسامن بوا B) والد صاحب

C) بڑی بہن D) دادی جان

جواب : ________________

13. غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے

A) مطلع B) بیت الغزل

C) مقطع D) شاہِ بیت

جواب : ______

14. محاورہ ''ہاتھ پیر مارنا'' کے معنی ہیں

A) ہاتھ کو پیر سے مارنا B) جدو جہد کرنا

C) سستی و کاہلی کرنا D) پانی میں تیرنا

جواب : ______

15. ابنِ خُلدون نے بنیاد رکھی

A) تاریخ کی B) معاشیات کی

C) سماجیات کی D) فلکیات کی

جواب : ______

II. مندرجہ ذیل کی خانہ پُری کریں : 5 × 1 = 5

16. حضور اکرمؐ فصل کا.......................سب سے کم عمر بچہ کو دیتے ؟

______

17. شکر کے بہت سے..................کے کپڑے تارتر ہو چکے تھے۔

______

18. مضمون کے ابتدائی حصّے کو..................کہتے ہیں۔

______

.19 غزل کے لغوی معنی.................سے بات کرنے کے ہیں۔

---

.20 صورت کے لحاظ سے جملے کی..................قسمیں ہیں۔

---

.III .21 ’ الف ‘ اور ’ ب ‘ کا مناسب جوڑ لگائیں: 5 × 1 = 5

| | (الف) | | (ب) |
|---|---|---|---|
| (i) | چاند بی بی | (a) | رباعی |
| (ii) | انڈین راکٹ سوسائٹی کی تشکیل | (b) | ہارڈ ویر کہا جاتا ہے |
| (iii) | استادِ سخن | (c) | 1968 |
| (iv) | کمپیوٹر کے کل پرزوں اور تمام اجزاء کو | (d) | ڈرامہ |
| (v) | چار مصرعوں پر مشتمل نظم | (e) | میر تقی میرؔ |
| | | (f) | سافٹ ویر کہا جاتا ہے |

جواب: i)

ii)

iii)

iv)

v)

IV. درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیں: 10 × 1 = 10

22. کس کے درمیان تو تو میں میں ہوگئی ؟

23. قطب جنوبی کا مطالعہ کس لئے ضروری ہے ؟

24. صنف نعت میں کس کی تعریف وتوصیف بیان کی جاتی ہے ؟

25. اللہ کی عنایت کے کون کون ممنون ہیں ؟

26. چاند بی بی کس کو اپنا محسن مانتی تھی ؟

27. کل جُگ کس زمانے کو کہتے ہیں ؟

28. ''سلطنتِ خداداد'' کس عہد کی تاریخ پیش کرتی ہے ؟

29. حضرت عمرؓ کے دل میں کیا خیال آیا ؟

30. صنعت طباق کی تعریف لکھیئے۔

31. کل بحریں کتنی ہیں ؟

V. درج ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیئے : 15 × 2 = 30

32. چاروں طرف کی یلغار کا جواب مصنف نے کیا دیا ؟

33. شیخ نجیب احمد نے گھر پہنچ کر اپنے بیٹے سے کیا کہا ؟

34. امریکہ جانے سے پہلے عبدالکلام نے کیا کہا ؟

35. حضورؐ کی آمد سے دنیا میں کونسی تبدیلیاں آئیں ؟

36. اپنی ہی تاریخ کو بھلا دینے والی قوم کا مستقبل کیا ہوتا ہے ؟

37. شیر علی مدافعت کو ناممکن کیوں سمجھ رہا تھا ؟

38. صبح کی آمد سے کس کی رونق بڑھ جاتی ہے ؟

39. اماماِن صدمکروفن سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

40. لکھنؤ سے خطاب کرتے ہوئے شاعر نے کیا التجا کی ؟

41. شاعر کو محبوب کے لبوں کی نزاکت کیسی لگتی ہے ؟

.42 آزاد نظم اور پابند نظم کے فرق کو واضح کیجئے۔

.43 جملہ فعلیہ کی تعریف مع مثال لکھیئے۔

.44 دیئے گئے الفاظ کا معنوی فرق بتایئے :

مَلَک = ........................ مَلِک = ........................

صُلح = ........................ سِلَح = ........................

45. صنعت تشبیہ کی تعریف مع مثال لکھیے ۔

46. ذیل کے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجیے :

(i) ایڑی چوٹی کا زور لگانا (ii) وحشت برسنا

VI. ذیل کی عبارت بحوالۂ متن تشریح کیجئے : 4 × 3 = 12

47. ''یہ طبقہ حقیر نہیں بلکہ عزت و ہمدردی کے لائق ہے۔''

48. ''ہوش میں رہیئے، مقبول میاں، یہاں کا رہنا بھلا دوں گا! سمجھے؟''

49. ''میں تم سی چھوکریوں کا نہیں مالک ہوں، چاند!''

50. ''واہ صاحب! واہ، ہم بے وقوف ہیں کہ صبح سے کھڑے ہیں۔''

VII. مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے : 2 × 3 = 6

51. دیر نہیں، حرم نہیں، در نہیں، آستاں نہیں

بیٹھے ہیں رہ گزر پہ ہم غیر ہمیں اٹھائے کیوں؟

52. ضیائے بزم، جہاں بار بار ماند ہوئی

حدیث شعلۂ رخاں بار بار کرتے رہے

VIII. کسی دو کا تعارف لکھیں : 2 × 3 = 6

(i) سید محمد اشرف (ii) محمود ایاز

(iii) نظیر اکبر آبادی (iv) علی عباس حسینی

53. ____________________

54. ____________________

IX. ذیل کے سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھیئے : 2 × 3 = 6

55. برکھارت سے ماحول پر کیا اثرات مرتب ہوئے ؟

56. ہارڈویر (Hardware)، سافٹ ویر (Software) اور ہیومن ویر (Humanware) کے متعلق معلومات فراہم کیجئے۔

X. ذیل کے سوالوں کے جوابات مفصّل لکھیں۔ 2 × 4 = 8

57. ڈاکٹر عبدالکلام کا خواب کیا تھا؟ انہوں نے اسے کیسے شرمندہ تعبیر کیا؟

58. سید ظہور قاسم کی قیادت میں ہندوستانی ٹیم کی براعظم انٹارٹکا کی کامیاب مہم جوئی کا حال بیان کیجئے۔

59. ان میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیں۔ 4

(i) صدیقؓ (ii) چاندتاروں کا بن

60. ''حمد'' یا ''نعت'' کے ابتدائی چار اشعار لکھیں۔ 4

XI. 61. اپنے والد کے نام ایک خط لکھیں جس میں سالانہ امتحان کی تیاری کا ذکر کیا گیا ہو۔

یا

اپنے دوست کے نام ایک خط لکھیں جس میں سالانہ تعلیمی سرگرمیوں کا ذکر کیا گیا ہو۔ 5

XII. 62. کسی ایک عنوان پر دلچسپ اور جامع مضمون لکھیں : 5

( i ) بڑھتی ہوئی مہنگائی اور اس کے اثرات

( ii ) قومی یکجہتی

XIII. 63. درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھیں۔ 4 × 1 = 4

ایک انگریز مصنف کا قول ہے کہ "ایک شخص کی روح اس کے خطوط میں برہنہ نظر آتی ہے۔" خطوط نگاری آج کل ادب کی ایک مستقل صنف بن گئی ہے۔ اُردو کے کئی ادبا و شعراء نے خطوط کو اِظہار کا ایک اہم ذریعہ بنایا۔

خطوط انسان کی نجی زندگی کے عکاس ہوتے ہیں۔ خطوط لکھنے والے کے سارے محاسن اور عیوب کھل کر سامنے آتے ہیں۔ غالبؔ سے پہلے جتنے بھی شعراء اور ادبا نے خطوط لکھے تھے اس میں گھسے پٹے القاب اور آداب تھے۔ مگر غالبؔ نے اپنا منفرد انداز بنا کر مراسلہ کو مکالمہ بنا دیا۔

i) خطوط کے متعلق انگریز مصنف کا قول کیا ہے ؟

ii) شعرا و ادبا نے کس کو اِظہار کا ذریعہ بنایا ؟

iii) خطوط میں کھل کر کیا سامنے آتے ہیں ؟

iv) مراسلہ کو مکالمہ کس نے بنایا ؟

[ Turn over